# DAMAGE BOOK

UNIVERSAL LIBRARY
OU_222189
UNIVERSAL LIBRARY

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ کلام بلاغت نظام عالیجناب مولانا مولوی

سید جلال الدین صاحب توفیق حیدرآبادی کیسی مدظلہ

موسوم بہ

cked 1978

# جذباتِ توفیق

در مطبع

سبحانی واقع چارمینار حیدرآباد دکن

کارم فتاده یاران با یارِ تند خوئے  شوخے بلائے جانے غارتگرے عدوئے

آمد نگارِ ساده دلها بتاب داده  بر روئے خود کشاده گیسوئے مشکبوئے

در بزمِ مے پرستان بنگر چه لطف دارد  در دستِ یار جامے بر دوشِ من سبوئے

آن به که جان نباشد بے یادِ جاں نوازے  آن به که دل نباشد بے داغِ آرزوئے

نام و نشانِ ما را آخر نشاں ندادند  گشتیم هر دو عالم کردیم جستجوئے

در یک نگاه چندین دل بسمل [illegible]  سحر آفرین نگاهے خوبانِ آں بروئے

گر یار قتل سازد ما هم بشکر سازیم  از هر دهانِ زخمے وز هر زبانِ موئے

اے مدعی خود بین بنگر بچشم تمکین  آئینه می نماید حسنِ رخِ نکوئے

توفیق دامنِ دل گر یاد و کار دارد
از دستِ شوقِ چاکے وز دستِ من رفوئے

خاک گشتم بر امید مهر با تنهای تو — تا بیائی بر سر خاکم که بوسم پای تو

ای امید وصل جانان با امید تو خوشم — بهتر از امروز من باشد غم فردای تو

یک زمان آشوب جان لبریز خاموشی است — یک جهان خاموشی و بزم دل پر از غوغای تو

شمع افروز حیات و محشر آموز ممات — این رخ زیبای تو وین قامت بالای تو

آن توئی در عالم جان سروری امید آشتی — دان توئی پیش از جهان اهل جهان شیدای تو

آن سمائی که دارد علم پیشین و پسین — بر رموز علم الاسما دل دانای تو

گل بود در سینه داغم ز آتش سودای من — سرو باشد در ریاض جان قد بالای تو

ناظر و منظور در آئینهٔ جانها توئی — در جهان جز تو نیاید در نظر همتای تو

می دهد در هر زمان جان دگر توفیق را
مایهٔ صد جان شیرین لعل شکرخای تو

هان بکمان نازکش غمزهٔ فتنه زاے را　　بر دلِ عاشقان فگن ناوکِ بیصداے را

خون ز زمینِ دل حرام داد ستم بجان بده　　گردشِ آسمان مده نرگسِ سرسراے را

زلف بدستِ شانه ده سلسلها دراز کن　　محوِ خرام ناز کن قامتِ دلرباے را

تا بکشیم در کنار تنگ‌تر از قبا ترا　　همچو نسیم جانفزا زود بیا خداے را

بزمِ جم است ساقیا بادهٔ خرمی بده　　بر کفِ میکشان بنه جامِ جهان نماے را

دست بروے مه بنه پنجهٔ آفتاب کن　　نافهٔ مشکناب کن سنبلِ مشکساے را

سنبلِ تر بیاسمن بر فگن و بده فشان　　بر رخِ خویشتن فشان زلفِ گره گشاے را

گه بریاضِ جانِ ما صبحدم آمدی تمام　　همچو نسیم بر خرام تنگ بکش قباے را

توفیق یک گداے تو سوخته بخت خسته جان

از درِ خویشتن مران بادشها گداے را

بدرد خویش درمان می فروشم | چه مشکلها که آسان می فروشم
بیا ای سیدا ای خریداران که من هم | دلی میدارم ارزان می فروشم
دکانی چیده ام در گوشهٔ دل | بوحشتها بیابان می فروشم
دلی دارم که در بازار حیرت | بآئینه فروشان می فروشم
بسینه می سپارم ضبط فریاد | صدای غل بزندان می فروشم
بیاد بتشکن هستم سبحه گردان | بدرس کافرایان می فروشم
بذوق شور حسرتها که دارم | بزخم دل نمکدان می فروشم
بدرد هجر او دل میدهم باز | من آهن را بسوهان می فروشم

بکام وصل او توفیق صد شکر
دل ناکام هجران می فروشم

ساقیا برخیز و ده پیمان شکن پیمانهٔ — مست کن در یک ادائے جلوهٔ مستانهٔ

بیخودم دیگر نمی دانم جز این بیدستان د — تا برد دل از کف من دلبر جانانهٔ

ساغرے در دست و دست از دین و دل آن برداشته زاهدے — یاد دوشش دیده‌ام بر در میخانهٔ

ای زخوے تند تو گرم است بزم شمع دل — وی ز شمع روی ر — تو آتش بجان پروانهٔ

چون کنم اے میکشان آن ساقی پیمانه نوش — دل ز کف بربود در یک گرد — ش پیمانهٔ

تو که شاه کشورستان ادائی در جهان — می سزد برقامت تو خلعت شاها

چشم بنمودی و یک هنگامه برپا ساختی — گردش دارد جهان از گردش پیمانهٔ

ایکه بر رنگینی حسن تو همچون بلبلے — هر سحر گل از تو دارد بر زبان افسانهٔ

ما نمی دانیم اے توفیق غیر از سوختن

بود شب بر شمع روئے یار دل پروانهٔ

چه سود ازان دل خالی دران که جای تو نیست
چه سود ازان تن خاکی که خاک پای تو نیست

بیا بمنظرهٔ چشم روشنم بنشین
مرو که در دل تاریک غیر جای تو نیست

بیا بحال دل زار رحم کن امدادت
غریب لائق بیرحمی جفای تو نیست

کدام بحر جلال پریرخان جهانست
که بسمل نگه چشم سرمه سای تو نیست

کباب عشق بجز داغ آتشینم نی
شراب حسن بجز مستی ادای تو نیست

چه حاصلست مرا از نشاط هر دو جهان
برای من نبود هم اگر برای تو نیست

حسرا تو ناله و فریاد میکنی توفیق
که سمع حضرتش آواز بی نوای تو نیست

عقل می گوید برو نظارهٔ گلزار کن    عشق میگوید بیا گلگشت حسن یار کن

عقل (نفس) می گوید بیا با ما پی طوف حرم    عشق می گوید برو اول طواف یار کن

عقل می گوید بیا بر مسند منبر نشین    عشق می گوید برو جا بر در دلدار کن

عقل می گوید که راه دین و دل کن اختیار    عشق می گوید که دین و دل فدای یار کن

عقل می گوید برو خود را بنام و ننگ دار    عشق می گوید بیا خود را ذلیل و خوار کن

عقل می گوید که عزلت گیر و بنشین با خویش    عشق می گوید که سیر کوچه و بازار کن

عقل می گوید ببین روی بتان خود نما    عشق میگوید برو نظارهٔ ما کن

عقل میگوید بکش تکلیف زنیش از بهر نوش    عشق می گوید پی گل جستجوی خار کن

عقل میگوید برو توفیق خودداری طلب

عشق میگوید بیا از خویشتن انکار کن

تمہارا راز دروں میں اسطرح نہاں ہوتا | گر مجھسے چھپا رہتا یہ ہر سے عیاں ہوتا

ہم دیکھتے ہو ہستی کو گر تاب نظر ہوتی | کیوں کر نہ ترا جلوہ ہر ہمہ جاں ہوتا

افسانہ مرے دل کا مشکل تو نہ تھا لیکن | کیا تم سے سنا جاتا کب مجھ سے بیاں ہوتا

یوں دل کے مٹانے میں کیوں آپ نے جلدی کی | وہ مٹ کے خود ہی آخر بے نام و نشاں ہوتا

وہ پاس مرے ہو کر پنہاں ہیں نگاہوں سے | کیا ہوتا خدا جانے گر دور مکاں ہوتا

جب تیر اجل کی ہاں راحت کا مزہ پایا | گر یوں نہ سبک ہوتے کیوں خوار گراں ہوتا

مانا کہ بہت اون سے گفتار کا موقع تھا | ہمکو بھی تو کچھ آخر یارائے بیاں ہوتا

جلوہ ہے جو عام اوسکا کیا دل کی ہی تخصیص | آزاد تعین کیوں پابند مکاں ہوتا

تو فرق مزہ جب تھا مستی نہ لگی دل کی
خوں بن کے ترا غم رگ رگ میں رواں ہوتا

مرا ناز بے نیازی ہو تو آشکار کیوں ہو
تجھے گر نہو غم اپنا غم روزگار کیوں ہو

غم ہجر سے نہ سہتے یہ ہی کہ مر بھی جاویں
مرے مرنے کا ستمگر تجھے اعتبار کیوں ہو

مجھے کیا پڑی ہے ایسی کہ چھپاؤں تجھ ہی کو
ترا ناز بے حجابی مرا پردہ دار کیوں ہو

تم عدو کو دل سے چاہو تمھیں یوں ہی میں بھی چاہوں
نہ ہو جب کہ تجھکو قدرت مجھے اختیار کیوں ہو

تری جاں نوازیوں نے مرے دل کو مجھسے کھو دیا
مرا اعتبار رہا ہی ترا اعتبار کیوں ہو

تو جو وعدہ پر نہ آیا تو مصیبتیں تھیں مجھ پر
مرے امتحاں ہیں شامل ترا انتظار کیوں ہو

مری خاک ایسی کیا تھی کہ ہوا اڑا نہ لیتی
جو رہا ہے عدو کے دل میں وہ مرا غبار کیوں ہو

مری پائمالیاں تھیں تری ٹھوکریں نہ ظالم
جسے آسماں مٹا دے وہ مرا مزار کیوں ہو

توفیق ساری دنیا جسے کہہ رہی ہے شیدا
اسے کیا غرض کہ ہے کہیں وعدہ دغا کیوں ہو

دل بھی پہلو میں نہ ہو ذوقِ تمنا ہی نہ ہو — گر نہ ہوں یہ تو کسی کی ہیبت وہ بھی نہ ہو

ایک ہی رنگ میں ہو پردگی و جلوہ گری — یعنے پنہاں بھی نہ ہو وہ کہ ہویدا بھی نہ ہو

صدقے اے جذبِ تصوّر تری پروا لا اسکو — کہ نظر سے بھی نہاں ہو کوئی پردا بھی نہ ہو

خود نکل آئے کوئی صورتِ اظہار ایسی — اون کو معلوم بھی ہو حالِ دل افشا بھی نہ ہو

کیا برا گر یہ نہاں ہے کہ اے چشمِ پر آب — تیرا مطلب بھی نکل آئے وہ رسوا بھی نہ ہو

بیم و امید کو اوس سے کوئی پوچھے کہ جسے — خواہشِ مرگ بھی ہو مرگ گوارا بھی نہ ہو

یوں مٹا ہمکو فلک صورتِ تصویرِ خیال — کہ کسی کو خبرِ مرگِ تمنا بھی نہ ہو

سحر پرواز نگاہوں کا تری کیا کہنا — دل بھی جو چھین لیں پہلو سے تقاضا بھی نہ ہو

ہیں امیدیں مری وابستۂ حسرتِ توفیق
ہوں میں وہ نخلِ تمنا کہ جو پھولا بھی نہ ہو

آئیں میں نظر سے جب ملتی ہے نظر پہلے
ہو جاتی ہے دونوں کو الفت کی خبر پہلے

کیا روئیں ترے آگے ہم دل کی خرابی کی
ٹوٹا گیا ہم سے بھی آئینے کا گھر پہلے

دیکھی جو مرے دل میں امید رہائی کی
صیاد ستمگر نے نوچے مرے پر پہلے

بیٹھے تو ہنوز دل میں تیر انکی نگہ پہلے
تو دیکھیو تو لے اٹھکر لئے درد جگر پہلے

ایسی تو نہ تھی گرمی آگئی مری آہوں میں
ایسے تو نہ تھے نالے دلسوز جگر پہلے

ہو کوئی تو بالیں پر ظالم مجھے رونے کو
مجھ سے مری حسرت کو پامال نکر پہلے

خود دیکھ ہی لینگے وہ اگر روئے جمال اپنا
آئینہ بنا تو لے اے آئینہ گر پہلے

اللہ رے بیتابی پرواز کی گرمی سے
اڑتے تھے مرے نالے مانند شرر پہلے

**توفیق** ہم آگے ہی مر جاتے ہیں مرنے سے
ہنگام سفر سے ہی کرتے ہیں سفر پہلے

ناصح آئے ہے گر جنوں تیرے بادخوار کے
ٹکڑے اڑیں گے دامنِ ابرِ بہار کے

پہر چشمِ شوق تھی کہ برابر لگی رہی
ہم سے تو ناز اٹھ نہ سکے انتظار کے

میت جب اُٹھ چلی تو ہوا آئینہ خیال
صدقے ترے وفا کے تغافل شعار کے

کیا جلد عہدِ گرمیِ صحبت گذر گیا
گویا رواں تھا نقشِ قدم پر شرار کے

ہم سے بھی کوئی پوچھے دلِ خستہ کا حال
ہم ہی ہیں قصہ خواں ستمِ روزگار کے

مانا کہ جلد باز ہیں ہم وقت کیطرح
پر ہیں تو ساتھ سایۂ دیوارِ یار کے

وہ آرزو کہ جسکے نکلنے پہ رشک تھا
ہے اختیار میں دلِ بے اختیار کے

وہ جسکو نازِ عمر اٹھانا بھی بار ہو
کیوں کر اٹھائے ناز ترے انتظار کے

حیراں برنگِ آئینہ توفیق محوِ دید
ہم بھی کبھی تھے دستِ نگر دستِ یار کے

یوں نشانِ داغِ فرقت ہیں اپنے تن پر　　حلقے ہیں نقش ہوں جیسے پرِ طاؤس پر

توڑ دے زنجیرِ ناموس و ننگ اے دستِ جنوں　　مار دے سنگِ ملامت شیشۂ ناموس پر

لوٹ ڈالا شمع کو دزدِ سحر نے اس طرح　　خانۂ ویراں کا ہوتا ہے گماں فانوس پر

کچھ نہ سوجھا جوشِ بیتابی میں پروانے کو آہ　　شمع کے بدلے تڑپ کر گر پڑا فانوس پر

دیکھکر ہمصورتِ داغِ جنوں سودے دل　　ہنس پڑے سے زخمِ جگر نقشِ پرِ طاؤس پر

پھونکدیگی روحِ بیتابی اگر فریادِ عشق　　لوٹنے لگ جائینگے بت نالۂ ناقوس پر

تھی نگاہِ شوقِ پروانہ ہجوم آور جیا　　پڑ گیا اک در پردہ پردۂ فانوس پر

ہوں اگر داغِ اسیری محفل آرائے قفس　　جل اُٹھینگے صورتِ شمعِ تہِ فانوس پر

آرزوئے دید پر توفیق آنکھیں مر مٹیں
جان دیدی حسرتوں نے حسرتِ پابوس پر

شورِ بیتابیِ دل محوِ نمک سائی ہے — مژدہ اے زخمِ جگر آج تو بن آئی ہے
پھر کھلے پڑتے ہیں گلہائے تمنا دل میں — پھر گلستانِ محبت میں بہار آئی ہے
صلح پھر حسرتِ بیتاب نے کرلی سے — دل کو پھر حسرتِ بیتاب پسند آئی ہے
آج پھر ضبط کو بیتابیوں نے جیت لیا — آج پھر مضطربِ اندازِ شکیبائی ہے
آج پھر مجمعِ ارماں سے ہوا دل خالی — آج پھر حسرت و ارمان میں تنہائی ہے
آج پھر آئینۂ خلوت میں طلب ہوتا ہے — آج پھر جلوہ طلبگارِ خود آرائی ہے
ہاں نکلنے بھی دے اے دستِ مشیت روک — آرزو منتظرِ حوصلہ فرسائی ہے
مژدۂ وصل لئے دل میں ہوس کیا آئی — قالبِ حسرتِ بیجان میں جاں آئی ہے

پھر درِ یار پہ جھک پڑتی ہیں آنکھیں توفیق
نگہِ شوق کو پھر شوقِ جبیں سائی ہے

سر میں چکر پاؤں زخمی بال و پر ٹوٹے ہوئے
دام سے صیاد کے یوں آئے ہم چھوٹے ہوئے

پاؤں میں گر دشت ہو اور گردش میں ہے لطف خارش
آبلے ہوں آبلوں میں خار ہوں ٹوٹے ہوئے

رنگ کے گم تھے رات بھر گلچیں بیابان نشاط
آئے تو کس کی بہار آرزو لوٹے ہوئے

وہ شکستہ دل سپہ شکستیں ہی میں جلوہ تیرے
حیرتیں پھرتی ہیں لیکر آئینے ٹوٹے ہوئے

یہ بھی قسمت ہے کہ نکلے خلوت جاناں سے غیر
رات بھر خواب تمنا کے مزے لوٹے ہوئے

میں کھڑا ہی رہ گیا منہ دیکھتا اک ایک کا
چل دیا محفل سے ظالم دل مرا لوٹے ہوئے

عمر بھر تڑپائیگی دل بستگی صیاد کو
یاد آئینگے اسیران قفس چھوٹے ہوئے

و۔ اتفاق فرصت ملی ہے پھر کہیں گے ہمصفیر
آرہے ہیں ہم بھی تو دام سے چھوٹے ہوئے

اب کہاں توفیق وہ فریاد بیتابی کا زور
دم بھی سینے سے اگر ابھرا تو لب ہی میں ٹوٹے ہوئے

پھر طور ہو تیری نگہ ہوش ربا ہو — بیہوش ہوں ہو کر بطرح ہم تو فدا ہو

رکھے ہوئے ہو ہاتھ مری دوش پہ ساقی — اور تھامے ہو نہ گر جاؤں مری لغزش پا ہو

کیوں شور ہے ماتم کا مرے دل میں الٰہی — ڈر ہے کہیں ارماں تو کوئی مر گیا ہو

کیا مجھ سے ہوا تھا یہی اقرار محبت — چاہوں میں اگر تم کو تو تم غیر کو چاہو

اس آئینہ خانہ کا بھلا پوچھنا کیا ہے — جس میں تری تصویر کا آئینہ لگا ہو

اب ہم سے بھی ملنے کو وہ ڈرنے لگے اے دل — کم بخت تری خلوت ارماں کا برا ہو

کیا عرض کرے اس سے کوئی اپنی تمنا — جو نام سے بھی عرض تمنا کے خفا ہو

ابھی نہیں اے عرض ہوس چھیڑ پھر اس سے — بعد ایک زمانے کے جو پھر ملنے لگا ہو

پھر ہے طلبی جلوہ کی یا رب ہیں اپنی
جاتے تو ہیں توفیق مگر دیکھئے کیا ہو

آہ جب دست نکالی جائیگی — کیا سمجھتے ہو کہ خالی جائیگی

بزم سے جب ہم نکالے جائینگے — غیر کی حسرت نکالی جائیگی

اُن سے خود اپنی نگاہ مست نا — دیکھئے کیونکر سنبھالی جائیگی

کیا خبر کس پر کرم ہو یار کا — آرزو کسکی نکالی جائیگی

فاتحہ پڑھنے کی ہوگی دھوم — قبر پر سے خوب ڈالی جائیگی

عشق میں کبتک سنبھالیں جان کو — اک نہ اکدن جان ڈالی جائیگی

کیا نہ آئینگے وہ آج اے اضطراب — کیا یونہی یہ رات خالی جائیگی

لاش بھی میری پئے مشق ستم — قبر سے باہر نکالی جائیگی

بے سبب اُن کو نہیں مجھ سے غبار — حسرتوں پر خاک ڈالی جائیگی

جان اسے توفیق آنکے سامنے
ہائے مشکل سے نکالی جائیگی

میری ہستی ہے گرم جوششِ تمنا کیطرح
میں عدم ہو کے بھی موجود ہوں عنقا کیطرح

بسکہ اسے جوششِ ہوسہا کہ وحشت بس کر
مل گئے خاک میں ہم نقشِ کفِ پا کیطرح

پھنک گیا شعلۂ بیتابئ ہوس سے دل بھی
جگرِ سوختہ داغِ تمنا کیطرح

جی بٹھایا مرا اندوہِ وفا نے پیہم
سر اُٹھایا جو حبابِ لبِ دریا کیطرح

روک رکھا ہے مری گردشِ قسمت نے مجھے
قید ہوں نقطۂ پرکارِ تمنا کیطرح

لذتِ جوششِ تیشہائے تمنا مت پوچھ
داغ ہے دل ہمہ تن داغِ تمنا کیطرح

دیکھ اسے گرمئ رفتار کہ دل بھی میرا
ٹوٹ جائے نہ کہیں آبلۂ پا کیطرح

ہوں وہ لاشے کہ ازل ہی میں مرا دل تنگ
مٹ گیا نقطۂ موہوم تمنا کیطرح

میری ہستی میں بھی اک رنگ عدم ہے توفیق
میرے ہونے نے کیا گم مجھے عنقا کیطرح

راتِ محفل میں جو وہ چہرہ برافروختہ تھا — شمع خاموش تھی اور شعلۂ گل سوختہ تھا

شمع و پروانے کا اک رنگ تھا اُسکے آگے — تو وہ خاک تھی یہہ اور وہ پر سوختہ تھا

ورقِ گل تھا ہر اک نسخۂ بربادیٔ باغ — نالۂ بلبلِ دل سوختہ آموختہ تھا

بعدِ مُردن اثرِ سوزِ درونِ میرے — نخلِ تابوت بھی میرا شجرِ سوختہ تھا

دل تھا سرگرمِ ہوسہاے تپیدن لیکن — میری تقدیر سے وہ بھی تو جگر سوختہ تھا

شوخیٔ گرمیٔ فریاد نے پھلنے نہ دیا — نالۂ سوختہ میرا سا شجرِ سوختہ تھا

وقتِ فریاد تپشہاے ندامت تھی جو — نالہ نکلا بھی تو دودِ نفسِ سوختہ تھا

طلبِ ذوقِ تپشہاے درونِ میرے — داغ ہر اک ترے سینے میں کفِ سوختہ تھا

اور کیا تھا مرے غمخانۂ دل میں توفیق
یک کفِ خاکِ صد ارمانِ دلِ اندوختہ تھا

کبھی پردہ در ہوں میں راز کا کبھی ہو نہیں پردۂ راز میں
مری اک حقیقتِ مشترک ہے حقیقت اور مجاز میں

یہ کہاں کے جلوے سما گئے یہ کہاں کی حیرتیں چھا گئیں
کہ ہزاروں آئنے لگ گئے ہیں نگاہِ آئینہ ساز میں

کبھی تو بھی طالب رحم ہو کبھی تو بھی غیر پہ جان دے
کبھی جلوہ گر ہو خدا کرے ترا ناز میرے نیاز میں

تری برقِ جلوہ جلا چکی تھی اُٹھا کے پردۂ رخ مگر
مری بے خودی نے چھپا لیا مجھے اپنے پردۂ راز میں

کسی طرح ہو تو گئی سحر مگر اب یہ ڈر ہے لگا ہوا
مری شامِ غم نہ شریک ہو کہیں اُسکی زلفِ دراز میں

کہیں یہ بھی دیکھتے دیکھتے مری آنکھ سے نہ ٹپک پڑے
کہ گدازِ عالمِ خونِ دل ہے مرے جگر کے گداز میں

نکروں سلام جو کعبے کو نکروں جو سجدہ تو کیا کروں
ہے خیالِ بُت مرے سامنے میں کھڑا ہوا ہوں نماز میں

مری شہرتیں مجھے کھینچ لائیں فریب دیکے دگرد میں
وہ طلسمِ عالمِ راز ہوں کہ رہا ہوں مدتوں حجاز میں

توفیق بزمِ خیال میں نہ چلے گا میرا پتہ کہیں
نگہِ حقیقتِ شوق ہوں نہ مجھے ڈھونڈو چشمِ مجاز میں

حجابِ دل میں داغِ شوق بیباکانہ نکلتا ہے    کہ شعلہ پردۂ فانوس میں سے بیباک نکلتا ہے

جراحت کا ہے پیکاں باغ دی لذت تبسم    لہو ہر زخمِ دل سے صورتِ ارماں نکلتا ہے

یہ کیا ہنگامۂ حسرت گدازی گرم ہے یارب    عوض نشتر دلِ بسمل سے ہر پیکاں نکلتا ہے

اسیکی بھیڑ ہوں میں وابستۂ ذوقِ تماشا ہوں    کہ جس کی بزم سے نظارہ خود حیراں نکلتا ہے

مجھی کو آپ سے لیکر میری حسرت نکلتی ہے    مجھی کو لوٹ کر جینے مرا ارماں نکلتا ہے

نہو میری طرح آشفتۂ ذوقِ پریشانی    کہ نالہ بنکے گیسوئے شبِ ہجراں نکلتا ہے

ملی ہو فطرتِ توام نہ دونوں کو کہیں یارب    نکل آتا ہے دل بھی ساتھ جب ارماں نکلتا ہے

تعجب ہے کسی کی دل نشینِ جوشِ بیتابی    حجابِ شوق میں ہر مدعا پنہاں نکلتا ہے

نہو توفیق کیوں مشکل میں کوششِ چارہ سازی کی
کہ دل سے خارِ حسرت بھی کہیں آساں نکلتا ہے

رہا کرتا ہے یا مرا ان کے ہجوم ناز رعنائی
کیا کرتے ہیں وہ خلوت میں بھی اب محفل آرائی

وہ چلتے ہیں تو چلتی ہے جلو میں ساتھ ان کے
نگہ کی ناوک اندازی مژہ کی لشکر آرائی

تڑپ اٹھیں تمنائیں مری داغ تمنا پر
جلائی شمع جب دل نے تو پروانوں کی بن آئی

نکلتا ہے جو دم یاد لب شیرین جاناں میں
اجل کی تلخیوں میں بھی ہے اک لطف شکر خائی

کروں کیا اے تقاضائے طواف کوچۂ جاناں
ذرا دم بھی تو لینے دے ہجوم ناشکیبائی

مرے دم تک تو کٹ جائیگی میرے ساتھ مر جیکر
کہاں جائیگی میرے بعد یارب میری رسوائی

ادا سے جب وہ چلتے ہیں تو خنجر بن کے چلتے ہیں
تماشا ذبح ہوتا ہے پھڑکتے ہیں تماشائی

گری پڑتی ہیں سر کے بل زمین کوئے جاناں پر
نگاہوں کو بھی اسے توفیق ہے شوق جبیں سائی

کسطرح بزم سے اپنی مجھے ٹالے کوئی
نگہ ناز نہیں ہوں جو اٹھا لے کوئی

کوئی افتادہ ہوا ایسی کہ برنگ دامن
گر پڑوں پاؤں پہ جب میں تو اٹھا لے کوئی

حسن تقدیر سے پڑ جائے کوئی پیچ اگر
زلف کیطرح جو بگڑوں تو بنا لے کوئی

خود نکل آئیگا پہلو سے تڑپ کر مرا دل
پہلے دل سے مرے ارماں تو نکالے کوئی

اے خیال خم گیسو نکل اب تو دل سے
سانپ کیطرح کہانتک تجھے پالے کوئی

کیا غرض ہے تو ہی بتا اے ہوس ناکامی
دلکو تھامے کہ تمنا کو سنبھالے کوئی

بیوفا یار تو داغ ہوس دل بیدل
دل سی شئے ہاتھ سے کر سکے حوالے کوئی

بڑھ گئی شانۂ تدبیر سے الجھن میری
میں وہ گیسو ہی نہیں ہوں جو بنا لے کوئی

میری مشکل کبھی آسان نہ ہوگی توفیق
شوق کا تیر نہیں جو دل سے نکالے کوئی

جنوں میں بھی مجھے ہے ربط اپنے دستِ پنہاں سے
سیا کرتا ہوں چاکِ زخمِ دل تارِ گریباں سے

نہ ڈال ان کاوشوں میں آج خیالِ کاوشِ پنہاں
نہ ہوگا نکلے مرے دل میں تو تیرِ نشترِ مژگاں سے

سنا ہے آج وہ گھر غیر کے مہمان ہوں گے
رنگے جائیں گے گھر سے آج میرے خونِ ارماں سے

یہاں تک رنگ لائی ہے نگاہِ منتظر میری
لہو بن کر ٹپک پڑتی ہے ظالم نوکِ مژگاں سے

میں جیتا ہوں جنوں کی کشمکش ہائے تمنا پر
مرا تارِ نفس وابستہ ہے تارِ گریباں سے

ملا کر خاک میں ہم کو نکالا حسرتِ دل نے
غبارِ بے کسی بن کر اٹھے ہم کوئے جاناں سے

بجھا دے پیاس صدقے اپنے میخانے کا اے ساقی
مرا پیمانہ بھر دے آج میرے خونِ ارماں سے

نگاہِ شوق ہے آئینہ ہستی و عدم مجھکو
تماشائے دو عالم دیکھتا ہوں چشمِ حیراں سے

نہ ٹوٹا آئینہ توفیق میرے بے حیا دل کا
گرا سو مرتبہ ظالم کسی کے طاقِ نسیاں سے

عرض کی میں نے کہ تم پر دل ہے دیوانہ مرا　　ہنس کے فرمایا کہ کس سر میں نہیں سودا مرا

عرض کی میں نے کہ کیا تھی سرگذشت کوہِ طور　　ہنس کے فرمایا کہ وہ بھی اک کرشمہ تھا مرا

عرض کی میں نے خدا کیواسطے ملئے کہیں　　ہنس کے فرمایا بہت دشوار ہے ملنا مرا

عرض کی میں نے پری کہتی ہے دنیا آپکو　　ہنس کے فرمایا کہ اک عالم ہے دیوانا مرا

عرض کی میں نے کہ شمع بزم رعنائی ہیں آپ　　ہنس کے فرمایا کہ ہے تو بھی تو پروانا مرا

عرض کی میں نے کہ ہے دل بھی تو آخر کوئی شئے　　ہنس کے فرمایا کہ ہاں ہے آئینہ خانا مرا

عرض کی میں نے کہ پنہاں ہو پر آتے ہو نظر　　ہنس کے فرمایا کہ ہاں ہر شے میں ہے جلوا مرا

عرض کی میں نے حسیں جلتے ہیں سارے آپ سے　　ہنس کے فرمایا کہ برقِ طور سے ہے جلوا مرا

عرض کی میں نے کہ کیوں مرتا ہے توفیق آپ پر
ہنس کے فرمایا کہ ہے عاشق مرا شیدا مرا

نہو آزردہ اے قاتل مری بیتابیِ دل سے — کہ ہوں ناآشنا ہم تپیدنہائے بسمل سے

ندامت ہے تو اتنی ہے کہ کیوں بے اختیار ہیں — برنگِ آرزو ویسے غیر نکلے انکی محفل سے

سنیں گے سرگذشتِ دل اگر زخمِ جگر میرے — کروں گا کچھ بیاں میں بھی زبانِ تیغِ قاتل سے

امیدِ وصل سے تم رد و ترغیب و نکالو دامن — تمھیں کیا کام مجھسے اور میرے مشتِ گل سے

بہت کیں کوششیں تیغِ ادا یار نے لیکن — نہ نکلا ایک قطرہ خون کا رگہائے بسمل سے

ابھی نشترِ فصاد میں کیا ایسا جادو تھا — لہو کے ساتھ صدہا حسرتیں نکلیں رگِ دل سے

بہت اُکتا گیا جی ابتو اے دل انکے او میرے — تغافلہائے آساں تمنا ہائے مشکل سے

مرا نقصان ہو گا تیرا کیا جائیگا اے ساقی — امیدیں ٹوٹ جائینگی شکستِ شیشۂ دل سے

خدا عزت رکھے توفیق ارمانِ شہادت کی

پڑا ہے آج بیدل سابقہ شمشیرِ قاتل سے

جذبِ سینہ موسیٰ کا پردہ آ جذبِ دل اُٹھادے    کب تک پسِ حجاب ہیں نیت آ گلے لگادے

ہم ہی نہیں جو باقی کیوں ہو نشاں ہمارا    ہمکو مٹا چکا ہے تو قبر بھی مٹادے

ارمانِ وصل کے بھی قابل رکھا نہ ہمکو    اے ہجرِ یار تجھکو اسکی جزا خدا دے

نازک ہے حال تیرے بیمار جاں بلب کا    اللہ ہی بچائے اللہ ہی شفا دے

کیونکر خبر ہو اُنکو میری شکستِ دل کی    یہ ظرف وہ نہیں ہے جو ٹوٹ کر صدا دے

کچھ ایسی شے نہیں ہے سرمایۂ تمنا    دینگے تجھے بھی اے دل ہمکو اگر خدا دے

وہ پوچھتے ہیں کیسی ہوتی ہے حسرتِ دل    اے چارہ گر خدارا دل چیر کر دکھا دے

داغِ ہوس نے برسوں پھونکا ہے میرے دلکو    اے گرمیِ تمنا تو بھی تو کچھ جلا دے

مارا ہے خامشی نے توفیق بخش ہم کو
جی جائینگے ابھی ہم وہ لب اگر ہلا دے

ہزار پردہ حیا ہو کبھی جلوہ گر حسنِ یار ہو گا چھپے گا جتنا یہ راز بنکر اُسی قدر آشکار ہو گا

بتائیں کیا کس سے ہم ہیں روٹھے ہیں خاک میں مل کے مٹنے والے تم اپنا دامن جھٹک کے دیکھو لگا ہوا کچھ غبار ہو گا

رہے سلامت یہ خاکساری کبھی تو اپنی ہوا بندھیگی کبھی تو اُٹھینگے گرد بنکر کبھی تو اونچا غبار ہو گا

کیا ہو جو مدتوں تمسخر بنا ہو جو زندگی پہ مولی امید کیا مرگ پر ہمارے وہ سنگدل اشکبار ہو گا

لئے ہوئے چشمِ شوق میں ہم ہزار رنگ کا تماشا انھیں امیدوں پہ جی رہے ہیں کہیں تو ظالم دوچار ہو گا

جب آئیگا رحم اُن کو جب آئینگے وہ پئے لحد میری لئے ہوئے حسرتِ تکلم مرا سکوتِ مزار ہو گا

وہی تمہارا کرشمہ ہو گا جو چبھ کے رہ جائیگا جگر میں وہی تمہاری نگاہ ہو گی جو تیر سینے کے پار ہو گا

بنا چکیں جو غبار ہمکو وہی تمہاری رہ گذر تھی سمائیگا جو تمہارے دل میں وہی ہمارا غبار ہو گا

مٹی ہے کچھ ایسی حسرتِ دل کہ جسکا **توفیق** ہو نہ شانہ
مٹا ہوا عالمِ گماں میں کہیں نشانِ مزار ہو گا

ہو گئے پامال ہم طرزِ خرامِ یار سے — عمر کے دن کٹ گئے چلتی ہوئی تلوار سے

کیا خبر پھر لوٹ کر آنا نہیں میسر ہو — ٹھیر لے وحشت ذرا مل لیں در و دیوار سے

ہوں شہیدِ تیغِ ذوقِ دید آیا چارہ گر — دو ہوا زخموں کو دامانِ نگاہِ یار سے

ڈر رہے پھر دلکو میں عبرت سے بیٹھو ذرا — پھر یہ آئینہ مقابل ہے جمالِ یار سے

ہوں قتیلِ ناتواں کیسے تڑپنے کا مزہ — دم اگر ملجائے دم بھر یار کی تلوار سے

بے سر و سامان سر و سامانِ حیرت و شغل — پھر نگاہیں وا ہیں اس امید جلوگاہِ یار سے

مجھ سے پہلے رسم کے قابل ہے اکی خستگی — کھینچ لے اے چارہ گر کانٹے زبانِ خار سے

اشتیاقِ دید ہمکو لے گیا تو تھا مگر — بیخودی ہاتھوں پہ لائی جلوگاہِ یار سے

اب سحر کیسی کیسے توفیق امید سحر
بڑھ گیا طولِ شبِ غم طولِ زلفِ یار سے

درِ دل سے گوشِ قبول تک مرے مدّعا کا گذر نہیں ۔
وہ غم ہوں جس میں زباں نہیں وہ زباں جس میں اثر نہیں ۔

وہ دماغ ہوں کہ نہیں جسے سرِ آرزوے نظارگی
ہوں وہ آرزوے نظارگی کہ جسے دماغِ نظر نہیں

کہیں دوستی ہے نیاز ہے در دشمنی کہیں باز ہے ۔
ہے بزنگِ آئینہ حالِ دل کہ ادھر ہے صاف ادھر نہیں

وہ چراغِ کشتۂ بزم ہوں کہ نہیں ہے تابِ تپش مجھے
وہ شبِ سیاہِ مزار ہوں کہ جسے امیدِ سحر نہیں

ہے مرے وجود سے امتیازِ وجودِ عالمِ بےخودی
کہ وہ مبتلائے عدم ہوں میں مجھے آپ اپنی خبر نہیں

نہ ہوا کبھی دلِ بستہ وا نہ کھلا کبھی مرا مدّعا
وہ طلسمِ عالمِ شوق ہوں کہ کسیکو میری خبر نہیں

وہ خیال بن کے سمائے بھی کبھی میرے دل میں تو کسطرح
یہ ہجومِ حسرت و یاس ہے کہ خیال کا بھی گذر نہیں

مجھے ناتمامیِ شوق نے کیا وقفِ عالمِ خستگی
میں وہ ذرہ ہوں جسے کو مکاں نہیں وہ مکاں ہوں جسکو کہ در نہیں

جو پرے ہے وہم و خیال سے تو فروغ آئینہ سے وہ کیوں ملے
وہاں انکی خلوتِ ناز ہے کہ جہاں کسی کا گذر نہیں

اس طرح خاموش کر دے بلبلِ ناشاد کو باغباں سی دے رگِ گل سے لبِ فریاد کو

بند تو رکھا مگر یہ تھا نظر کے سامنے ہم اسیری میں بھی تجہ بیں دیکھا صیاد کو

دیکھ کر گیسو کو اپنے ہو گئے وہ بھی اسیر دام نے پھانسا ہے الٹے دام میں صیاد کو

دیکھتی ہیں آرزوئیں دل تیری رنگ آمیزیاں آج گلدستہ بنا دے نشترِ فصّاد کو

ناامیدی آخر نے کچھ سکھایا تو نہیں بیٹھے بیٹھے کیوں مرے نالے آگئے فریاد کو

مفلسی میں بھی نہیں کرتے خریدِ اغنیا داد دیکر لیتے ہیں ظالم تری بیداد کو

چیخ اٹھتے ہیں مرے نالے ہجومِ ضبط سے چھیڑتی ہے میری خاموشی لبِ فریاد کو

منصبِ دیوانگی بخشا جو زلفِ یار نے شورِ زنجیرِ جنوں آیا مبارکباد کو

رکھتی ہے میری خوشی توفیق پہلو درد کا
زخم کا ہنسنا سمجھتا ہوں مبارکباد کو

اب وہ دن کہاں اپنے اب وہ دل کہاں اپنا کس امید پر سمجھیں تجھکو مہرباں اپنا

پوچھتا نہیں جب تو کوئی ہمکو کیوں پوچھے تو ہی جب نہیں اپنا کوئی پھر کہاں اپنا

کھو دیا تغافل نے کسکے اس قدر ہمکو پوچھتے ہیں ہر اک سے آپ ہم نشاں اپنا

لٹ گئے چمن میں ہم نازِ خندہ گل سے برق نے جلا ڈالا ہائے آشیاں اپنا

پھر بُری نگاہوں سے دیکھتے ہیں وہ ہمکو اُنکا نازِ بیجا بھی پھر ہے مہرباں اپنا

وا اگر نہیں سنتے جز زبانِ خاموشی کسطرح کرے کوئی حالِ دل بیاں اپنا

تو کمی نہ کر اے غم دل کے خون بہانے میں رنگ خود جمائیگی چشم خوں فشاں اپنا

اے ہوائے بربادی میٹ دے مزار آخر اپنی بیکسی کو بھی کیوں ملے نشاں اپنا

کھو چکا ہمیں توفیق اپنا جوششِ ناکامی
کام کر چکی آخر سعیِ شرمسار اپنا

اب ہم نگہِ شوق کو رسوا نہ کریں گے　　بھولے سے حسینوں کا نظارا نہ کرینگے

دامن کیطرح پاؤں پہ لوٹا نہ کرینگے　　ٹکڑے ہو گریباں کیطرح دل تو بلا سے

کیا کیا نہ کیا اب بھی وہ کیا کیا نہ کرینگے　　کیوں کہتے نہ تھے لیلیٰ نادان نہ مل اُنسے

کیا آج بھی وہ قصدِ تماشا نہ کرینگے　　میت کو مری لے تو چلیں دوست اُدھر سے

اب اُسکی طرف بھول کے سجدا نہ کرینگے　　کعبہ ہے درِ یار تو ہونے دو بلا سے

مر جائینگے اظہارِ تمنا نہ کریں گے　　دم گھٹ کے نکل جائے تو اچھا نکل جائے

بیتابیِ دل کا کبھی شکوا نہ کریں گے　　کریں گے موافق دلِ بیتاب کو انور

کیا وہ مرا مرنا بھی گوارا نہ کریں گے　　جو مانگتے ہوں غیر کے جینے کی دعائیں

جینا ہی اگر مضطر شوق ہے تو فقط
مر جائیے جینے کی تمنا نہ کرین گے

تم میں اے چارہ گرو کیا نہیں ایسا کوئی　　کھینچ لے دل سے الگ خارِ تمنا کوئی

کیسی گذری شبِ بیتابیِ شوقِ بیتاب　　ہائے اتنا بھی نہیں پوچھنے والا کوئی

کھینچ کے پہلو سے ستمگر ترے سوفار کیا　　دل نکلتا بھی تو ارماں نہ نکلتا کوئی

چونک اُٹھے خوابِ عدم سے نہ کہیں کشتۂ ناز　　چھیڑ دے اے دہنِ زخم فسانا کوئی

ذوقِ دیدار تھا کیوں منحصرِ چشمِ کلیم　　کیا نہ تھا اور ہوا خواہِ تماشا کوئی

تو تو اے تیرِ نظر کام کئے جا اپنا　　ڈھونڈھ لیگا مرا دل آپ بہانا کوئی

بے حجابی سے حجاب آنے لگا ہے اُن کو　　ڈالدے اے نگہِ شوق تو پردا کوئی

اب تو کچھ اُن کو بھی ارمانِ ستم ہونے لگا　　چاہتے ہیں کہ ملے چاہنے والا کوئی

میری قسمت جو مجھے خود نہ مٹاتی توفیق
کیا مرے نقشِ تمنا کو مٹاتا کوئی

دامِ رنگِ آزادی یادِ زلفِ جاناں ہے  جب سے میں پریشاں ہوں خاطر بھی پریشاں ہے

مفت بھی جو ہاتھ آئے پوچھتا نہیں کوئی  آجکل متاعِ دل کی کیسی ارزاں ہے

غیر کے تصور میں کیا غرض وہ کیونکر ہیں  ہم سے کیوں خیال انکا اسقدر پشیماں ہے

کیا خبر دلِ حیراں جلوہ گاہ کسکی ہے  جانتے ہیں پر اتنا کوئی ہے جو پنہاں ہے

وحشتِ تمنا نے خاک میں ملا ڈالا  چاکِ دامنِ ہستی صورتِ گریباں ہے

خاک ہو گئے جل کر شوقِ دید میں لیکن  گرمیِ نظر اب تک برقِ خرمنِ جاں ہے

شورِ حسرت آتش خود بھرا ہے نشتر میں  کیا کریں نمک لیکر زخم خود نمکداں ہے

ان کو بھی تو حیرت ہے دیکھکر جمال اپنا  آئینہ سے کیا پوچھیں کیا ہوا جو حیراں ہے

عالم کدورت ہے گر یہی تو کیوں جائیں
خاک اڑانے کو توفیقِ دل ہمیں بیاباں ہے

دے جا ہمکو لے ساقی تو پیمانے پہ پیمانہ رہے آباد ہم رندوں کے سر پر تیرا میخانہ

چلے آتے ہیں یوں جھونکے ہوائے چشم ساقی کے کہ جیسے جھومتے آتے ہوں پی کر مست میخانہ

گداز رنگ بنکر ناز ٹپکے جس سے آنی دکھادے کوئی ایسی کھینچکر تصویر جانانہ

کمال ذوق مستی باعث تکلیف بیجا ہے چھلک پڑتی ہے جب صہبا تو رو دیتا ہے پیمانہ

جسے چاہا اُسے بے تیغ و خنجر ذبح کر ڈالا عجب قاتل ہے اے قاتل ترا انداز ترکانہ

در و دیوار سے دیوانگی برستی ہے آلہی کسکے جلوے سے بنا ہے گھر پری خانہ

برنگ طور ہوں محتاج میں بھی ایک جلوے کا کبھی آجاؤ میرے سامنے بھی بے حجابانہ

خبر بسمل کی بسمل کو نہیں ہے بیخودی عالم ہے الگ میں لوٹتا ہوں دل تڑپتا ہے جداگانہ

ملی ہے آگ میں توفیق میری کشت بیتابی
شرر بنجائے گا پھل کر ہے خرمن کا ہر دانہ

لیکے ہجوم جلوہ تاب اسکا خیال آوے کیوں ۔ جو نہ سما سکے کہیں دل میں مرے سمائے کیوں

بعدِ فنا بھی دادِ ظلم مجھسے جو چاہنی نہ تھی ۔ ساتھ لئے وہ غیر کو میری لحد پہ آئے کیوں

جو کہ نہ لا سکے کبھی تابِ خیالِ رنگِ گل ۔ کیا غرض اُسکی نازکی بارِ حنا اٹھائے کیوں

منتِ غبار بھی مرا اُسکی گلی کا ہو نہ ہو ۔ ٹھوکریں مار کر ہوا خاک مری اُڑائے کیوں

نفرتِ بے سبب سے مجھے نہ ہو امید کیا ۔ داغِ جگر بھی ہوں تو میں سینے سے لگائے کیوں

صدقے میں اس عتاب کے کہتے ہیں کس ادا سے وہ ۔ مجھسے کسیکو کیا غرض میری گلی میں آئے کیوں

جسکو ہو پاس جان و دل تجھپہ وہ جان کیوں نہ دے ۔ جسکو ہو زندگی عزیز تجھپہ وہ مر جائے کیوں

سمجھوں میں کس طرح ادھر دل سے وہ دیکھتے نہیں ۔ دل سے جو دل ملا ہو کوئی نظر ملائے کیوں

توفیقؔ نہ ہو جو کاوشِ نازِ جگر گدازِ دل
دل سے تڑپ کے جائے کیوں نالہ زباں پہ آئے کیوں

پھر آ گیا اُس بت پہ دل اللہ بچا لے  پھر ہو گیا یہ آئینہ پتھر کے حوالے

ہو تو ہی اگر پردہ درِ چشمِ تماشا  دیکھیں تجھے کس طرح ترے دیکھنے والے

آیا نہ گیا اُس سے مری قبر پہ افسوس  مٹی بھی مری ہو گئی مٹی کے حوالے

کچھ وہ بھی طلب جس کا طلبگار ہو تو  کچھ وہ بھی تمنا کہ جسے تو نہ نکالے

ہاتھوں میں حسینوں کے ہے یا رب دلِ حیراں  نازک ہے یہ آئینہ کوئی توڑ نہ ڈالے

ہنستی ہے مرے حال پہ درماندگیِ عمر  جب پھوٹ کے روتے ہیں مرے پاؤں کے چھالے

ملتا ہے جو بھولے سے کوئی چاہنے والا  سولی پہ چڑھا دیتے ہیں گیسو والے

داغِ دلِ عاشق پہ نظر تیز نہ ڈالو  ہائے نگہِ ناز میں پڑ جائینگے چھالے

توفیق بلا ہوتی ہے گیسو کی محبت
اللہ کبھی پیچ میں ظالم کے نہ ڈالے

پسِ مرگ بھی تہِ ہجومِ غم رہا میری حالتِ زار پر
کبھی ابرِ اشک بہا گیا کبھی شمع روئی مزار پر

کہیں پھنس گیا ہے زہے بیں کسی دامِ زلفِ دراز کے
دلِ گم شدہ کی خبر ملی مجھے اپنے اشکوں کے تار پر

ہوا صیقلِ آتشِ حسن پر کہ ہزاروں شعلے بھڑک اٹھے
مرا خونِ دل جو چڑھا دیا تھا حنا نے دستِ نگار پر

تجھے کیا خبر کہ قتیلِ شوق پھڑکتے کیسے ہیں فتنہ گر
کبھی ہم تڑپ کے دکھائیں گے ترے تیغِ ناز کی دھار پر

یہ خیالِ خنجرِ ناز سے ترے بے جگر ابھی تو خبر کیا
تری یادِ قامتِ دلربا مجھے کھینچ ڈالے گی دار پر

کئی بار نکلے رقیب سے مری روح کو بھی جلا گئے
کئی بجلیاں وہ گرا گئے کبھی آ گئے جو مزار پر

ترا رنگ یوں ہی بہار تھا مگر آج دیکھ تو سا نیا
مئے لالہ گوں نے چڑھا دیا ہے اک اور رنگ بہار پر

تنِ زار پر مرے داغوں کا کچھ عجب طرح کا ہجوم ہے
کچھ عجب طرح کی بہار ہے کئی گل شگفتہ ہیں خار پر

توفیق کوچۂ یار میں رہتا نہیں کبھی گلشنوں میں یا ہم
کبھی دور ہی سے نکل گئے کبھی آ گئے درِ یار پر

دلمیں جوشِ ہوسِ دل ہے خدا خیر کرے　　قطرہ دریا کے مقابل ہے خدا خیر کرے

پھر وہی ہجر کی شب ہے وہی بیتابی ہے　　پھر وہی ہم ہیں وہی دل ہے خدا خیر کرے

ہم ہیں مشتاقِ شہادت تو وہ ہیں تیغ بکف　　ناز کی بیچ میں حائل ہے خدا خیر کرے

دم تڑپ کر نہ نکلجائے پھڑکتے ہی کہیں　　رشتۂ جاں رگِ بسمل ہے خدا خیر کرے

چرخ ہی ساتھ نہیں اونکے ستمگاری میں　　میری تقدیر بھی شامل ہے خدا خیر کرے

کسطرح مجھکو جلائینگی امیدیں کیسی　　مر کے جینا بھی تو مشکل ہے خدا خیر کرے

شعلۂ شمعِ رخِ یار جلادے نہ کہیں　　دل بھی پروانوں میں شامل ہے خدا خیر کرے

پھر وہی دلمیں ہے گیسوئے مسلسل کا خیال　　پھر وہی کشمکشِ دل ہے خدا خیر کرے

لوگ کہتے ہیں کہ آسان ہے مرنا توفیق
پر مرے واسطے مشکل ہے خدا خیر کرے

یوں تو مری پرسش کو احبا تمام آئے — پر کوئی نہیں آیا ایسا کہ جو کام آئے

گیسو کی محبت میں دم میرا نکلجائے — مرگ سحر غم کی یارب کہیں شام آئے

کچھ میکدہ ہو ہم ہوں اور سامنے ساقی ہو — وہ وقت خدا لائے پھر دور میں جام آئے

ابتک جو جفائیں کیں اسکا یہ نتیجہ ہے — ہم جائیں ترے گھر سے غیروں کا پیام آئے

پھولوں نہ سمائیگا لاشہ مرا تربت میں — جب پھول چڑھانے کو وہ فتنہ خرام آئے

میں کشتہ کے جو مرجاتا کیا انکو خبر ہوتی — صد شکر دم آخر نالے مرے کام آئے

مرنے سے مرے فرصت چل بل تو گئی ظالم — اب ذکر مرا کیوں ہو اب کیوں مرا نام آئے

یوں کوچۂ جاناں میں کی ہمنے گذر برسوں — ہوتے ہی سحر نکلے اور آئی جو شام آئے

بھیجا تو ہے نالوں کو پھر کوچۂ جاناں تک
توفیق خبر دل کی صبح آئے کہ شام آئے

مرنا تھا کسی پر تو دلکو مرے مرنا تھا    اسطرح مگر مجھکو بدنام نہ کرنا تھا

ہاں اور نہیں میں تھا ظالم کی اثر کیسا    اک بات میں جینا تھا اک بات میں مرنا تھا

کیا اور نہ تھیں راہیں گھر غیر کے جانیکی    کیا میرے ہی گھر پر سے آج انکو گذرنا تھا

وہ عالم بیہوشی وہ ماتم خاموشی    فرقت میں تری گویا جینا مرا مرنا تھا

اچھا ہی ہوا ظالم مارا تری غفلت نے    ہم یوں بھی تو مر جاتے آخر کبھی مرنا تھا

بے رحمیوں نے تیری سب کچھ تو کیا لیکن    پر یوں مری حسرت کو برباد نہ کرنا تھا

اچھا تھا جلا دیتے گرمئ تعارف سے    پر تیغ تجاہل سے یوں ذبح نہ کرنا تھا

میرے لئے آفت تھا اچھا تھا خموشی ہی    گو شکوے ہمارے ہی پر وہ یوں تو نہ کرنا تھا

دم گھٹ کے نکلنا تھا توفیق مرے دم کو
قسمت میں دم آخر نالہ بھی نہ کرنا تھا

دلدادہ کمالِ تمنا کیا نہ مجھے جوشِ ہوس نے قطرے سے دریا کیا مجھے

پھر سو کبھی نظر کو نظر بازیوں کی خو پھر اضطرابِ بیدلی نے رسوا کیا مجھے

آنکھوں میں دی جگہ تو بنایا شررِ غم دل میں رکھا تو داغِ تمنا کیا مجھے

وہ نقشِ ناتمام دلِ پرہوس تھا میں رنگِ فریبِ شوق نے پورا کیا مجھے

آنکھوں کو دیکے شوقِ تماشاے جہاں حسرت کشِ نگاہ تماشا کیا مجھے

منظور تھا جو دید کسی کے جمال کی حیرانیوں نے آئینہ اپنا کیا مجھے

توفیق دیکے دل نے تمنائے بیکسی

اچھا ہوا کہ اپنی تمنا کیا نہ مجھے

درِ اثر پہ مجالِ قبول پا نہ سکے — نشانہ دور کا نالے مرے اُڑا نسکے

بگاڑ ہی ضبطِ تمنا نے اُنکی خو ایسی — کہ نالے بنکے بھی ہاں لب پر آنسکے

تجلیں حشر میں کیا خاک منہ دکھائیں — ہجومِ شوق سے ہم آپ میں سما نسکے

خیالِ شوق محبین باہر نکال ہی لایا — چھپے وہ لاکھ مگر آپ کو چھپا نسکے

کمالِ حسن نے رخصت نہ دی ٹھہرنے کی — وہ دلمیں آنکو آئے مگر سما نسکے

گئے تو تھے طرفِ جلوہ گاہِ ناز مگر — حیاتِ رفتہ کے مانند جا کے آ نسکے

وہی رہا پسِ مردن بھی حسرت ناکامی — غبار بنکے بھی در تک اُنکے جا نسکے

بنا بھی دل تو بنا اُنکا آئینہ خانہ — ہم اپنا رنگِ تحیر کہیں جما نسکے

وہاں کی بگڑی وہاں کیا بناؤ گے توفیق
یہاں کی بگڑی کو جب تم یہیں بنا نسکے

سرِ بستر پڑے رہتے ہیں ہم تصویرِ قالی سے — بسر کرتے ہیں اپنی عمر کس افتادہ حالی سے
لگا دے وار اک شمشیرِ خون آشام کا قاتل — کھلا دے اک چمن سینہ میں اس [illegible] لونگی ڈالی سے
دہانِ زخمِ دل ہو جاتے ہیں جب بے مزہ اپنے — چھڑک لیتے ہیں لیکر کچھ نمک شوریدہ حالی سے
دلِ لبریز آرزو اپنا مجھے سرشار رکھتا ہے — ٹپکتی رہتی ہے مے ہر گھڑی اس جامِ خالی سے
ستاتی ہیں جب تلخکامی حسرتِ دل کی — شکر ہم مانگ لیں گے یار کی شیریں مقالی سے
کفن بھی صورتِ دل چاک سو جا سے ملا ہمکو — نہ چھوٹے مر کے بھی اپنے لباسِ خستہ حالی سے
کہاں تک اب تو وزن سے حجاب نے لگایا دل — کمالِ آرزو ہے تیرے اپنی بیکمالی سے
زمانہ لاکھ پیسے ہم کو مانندِ حنا لیکن — جما لیتے ہیں رنگ اپنا ہم اپنی پائمالی سے

ہزاروں آرزوئیں رات دن چکر لگاتی ہیں
مرادِ دل مگر نہیں توفیق فانوسِ خیالی سے

کلیجا گرمیِ فریاد نے ایسا جلایا ہے — بجائے نالہ اک خالی دھواں منہہ سے نکلتا ہے

ہزاروں بار مر مر کے جیئے ہم شوقِ پرسش میں — مگر پوچھا نہ ظالم نے مزاج اب کہیے کیسا ہے

کچھ ایسی گت بنی ہے کشمکش ہائے تمنا سے — مری حالت پہ رو دیتا ہے رونا بھی جب آتا ہے

دلِ ناکام کی ناکامیوں پر جب میں روتا ہوں — ہنسی میں خندۂ زخمِ جگر مجھکو اڑاتا ہے

جدھر دیکھو اُدھر لاکھوں تمنائیں تڑپتی ہیں — مرا دل ہے کہ یا رب محشرستانِ تمنا ہے

رہا کرتا ہے راتوں کو شریکِ حالِ تنہائی — چراغِ بیکسی ہر دم سرہانے ٹمٹماتا ہے

بڑی جانکاہ ہوتی ہے آج وہ قابو میں آئے ہیں — الٰہی خیر ہو کیوں آج دل قابو سے جاتا ہے

کبھی لکھا تو ہوتا اک دو حرفِ شوق ہی ظالم — کبھی پوچھا تو ہوتا کوئی جیتا ہے کہ مرتا ہے

لبِ فریاد پر کیوں مہر ہے ہجومِ شورِ خاموشی
کہو توفیق کچھ منہہ سے کہ آخر ماجرا کیا ہے

کب تک دلِ خالی میں حسرت ہو بھری میری — پابند ہو شیشہ کی تا چند پری میری

خود حسرتِ گمنامی شہرت مجھے دیدیگی — خود مجھکو اڑا لیگی بے بال و پری میری

ملتا تو ہے زخموں کو کچھ لطفِ نمک پاشی — آخر مرے کام آئی شوریدہ سری میری

وہ آج عیادت کو آئے ہیں سرِ بالیں — لیگی نہ خبر ہو بھی کیا بے خبری میری

پوشیدہ تو گھر میں ہے میں آپ سے باہر ہوں — ظالم ترے پردے نے کی پردہ دری میری

وہ نیست ہوں پابندِ صد نازِ شہِ جیلانی — آئینۂ ہستی میں ہے جلوہ گری میری

مشتاقِ تپیدن ہے پھر نازِ سکوں میرا — ممنونِ خموشی ہے پھر نوحہ گری میری

بیتابیٔ ارماں نے توفیقِ سکوں بخشا

بے چارگیٔ دل نے کی چارہ گری میری

جانم که بجسم و جان نگنجد ۰ آنم که باین و آن نگنجد

ای دوست بیا درون جسم    کس جز تو درونِ جان نگنجد

زخمیِ نگاهِ نازِ اویم    در سینهٔ من پستان نگنجد

وقتیکه بجانِ من بیائی    گنجیدنِ من بجان نگنجد

از نام و نشانِ من چه پرسی    در هستیِ من نشان نگنجد

گنجم بجهان برنگ معنی    در هستیِ من جهان نگنجد

رازیم که نطق کس نداند    نطقیم که در بیان نگنجد

برق از دمِ آتشین چه سوزد    خارم که در آشیان نگنجد

توفیقی تو خود ز هستیش هی

کالائے تو در دکان نگنجد

جانِ رفته از لبِ نوشینِ جاناں یافتم　　مرده بودم زندگی از آبِ حیوان یافتم

هر دو عالم قیمتِ یک جلوهٔ نازت نبود　　من بدین دو دل خریدم نیک ارزان یافتم

بوئے آوردی مشامِ دل معطر ساختی　　اے نسیمِ یار از تو راحتِ جان یافتم

چوں کنم نظاره اے یاراں کہ من ہم مثلِ او　　حیرتِ آئینہ دارم چشمِ حیران یافتم

ہر دو عالم جلوه گاهِ صورتِ معنیٔ اوست　　گاه پیدا دیدم او را گاه پنہان یافتم

اے مسلماناں بایں مسلمانی چہ کار　　کفر ورزیدم ز زلفِ یار ایمان یافتم

زندهٔ جاوید کردی از مسیحائی مرا　　اے لبِ جاناں ترا دل دادم و جاں یافتم

ایدل آخر فارغ از ہر دو جہانم ساختی　　عشق مشکل بود لیکن از تو آساں یافتم

مُردم و از کشمکشہائے جہاں فارغ شدم

جملہ دردِ خویش را توفیقِ درماں یافتم

برخ گیسوئے عنبر فام کردی　تعینہائے صبح و شام کردی

گرہ از زلف مشکین بر کشادی　دل دیوانہ را در دام کردی

بیک موئے بہ بستی این و آن را　بیک روئے دو عالم رام کردی

ہزاراں فتنہا بستی بر فتار　کشیدی قد قیامت نام کردی

چہ کردی با من ای آں چشم بدنام　مرا با خویشتن بدنام کردی

بعنوا نگاہ این خاکی ہمہ دام　ہنادی نقش دل ناکام کردی

ہوس ہائے خیال خام پختی　ہوس ہائے خیال خام کردی

بہ تو پیوستن از خود رفتنم بود　رمے دادی و با خود رام کردی

دل ہتو فیق را کردی تو مدہوش

مے خود رفتگی در جام کردی

یاران بر آں یار شنید و بگوئید | با خاطر ناچار شنید و بگوئید

آثار ستمهائے تمنا که بدیدید | با آں ستم آزار شنید و بگوئید

افسانهٔ هجران همه عرض تمنا بشنید | بیرحمی اغیار شنید و بگوئید

بگذشت بسے وعده و پیمان که گذشتیم | در حسرت دیدار شنید و بگوئید

آنچه که ز دست سر زلفش بسر آمد | یک یک همه از بار شنید و بگوئید

رسوا شده گشتیم بسے بے تو بہ هجران | در کوچه و بازار شنید و بگوئید

لله سخنے از لب آں ترک سیکا | پیش دل بیمار شنید و بگوئید

آں درد که ناگفته بماند از لب اظهار | آرید بگفتار شنید و بگوئید

توفیق چه دانند سخنے مست مسجد

در خانهٔ خمار شنید و بگوئید

ببین زلفِ دلاویزے برخسارِ مصفّائے    سوادِ شام دارد جلوهٔ صبحِ تمنّائے

بہشیاری قدم نہ بر درِ میخانۂ نازش    کہ در دور آورد چشمش ہزاران جامِ صہبائے

نمیدانم چہ رعنائی کہ با صد حسنِ زیبائی    دل داری دل آزارے لبے از نخلِ گل رعنائے

ہزاران نافہا بشکستہ اندر کنارِ من    بزلفِ عنبریں یا گو چہ بوئے راحت افزائے

ہوائے بیکسی ہا می برد بر دوشِ ناکامی    غبارم گردِ باد آسا ز صحرائے بصحرائے

چہ پرسی زندورفتِ نقش ہائے کہن ایام    ہوس در سینہ می جوشد چو تیز رو دریائے

خوشا ایامِ عشرت ہا کہ من ہم داشتم یارے    بروئے لالہ رخسارے بقامت سروِ بالائے

سحر توفیق را دیدیم استادہ سرِ کویش

بکمالِ بے سر و پائے بجانِ ناشکیبائے

می دمد جان در امید مرده ام از بوی تو　　می کند کار مسیحائی نسیم کوی تو

هر کسی می بیند اندر دل کمال خویشتن　　من درین آئینه می بینم جمال روی تو

تا نمی آئی به بر در خود نمی آئیم ما　　می برد از خویشتن ما را حجاب روی تو

از پی قتلم چه آسان برکشیدی تیغ ناز　　آفرین صد آفرین بر قوت بازوی تو

کعبه باشد سجده گاه زاهدان خودفروش　　سجده گاه دلفروشان است خم ابروی تو

هر دو عالم را بیک نظارهٔ عالم فریب　　می دهد طوق غلامی حلقهٔ گیسوی تو

مرده ام اما هنوز اندر مزار خویشتن　　استخوان دارم پی نذر سگان کوی تو

می دهد نظارهٔ حسن تو حسن دیدها　　می کند جادو بسر نرگس جادوی تو

هر کسی دارد بسوی قبله روی خویش را

وقت مردن روی خود توفیق دار سوی تو

گہے نازِ دگر دارد گہے آنے دگر دارد  جمالِ یار در ہر کسوتے شانے دگر دارد

برو اے ناصحِ ناداں کہ تو دینِ دگر داری  دلِ ما کافرِ عشقست و ایمانے دگر دارد

مپندار ایں چنیں مُردن کہ کم از زندگی باشد  شہیدِ نازِ قربانت شوم جانے دگر دارد

برو اے چارہ گر بر حالِ خود بگذار عاشق را  کہ دردِ لا علاجِ عشق درمانے دگر دارد

بعشقِ یار کارِ من بناکامی کشید آخر  ندانستم کہ ایں آغاز پایانے دگر دارد

چہ سوداے چارہ گر بے مرہمِ کافورِ رخسارے  دلِ صد پارۂ من زخمِ پیکانے دگر دارد

تو بہرِ جاں نوازی آمدی لیکن نمی دانی  کہ بے سامانیٔ ما طرح سامانے دگر دارد

چہ کار از قصہ خوانی ہا ایں وحشت پرستی ہا  زبانم داستانِ دست و دامانے دگر دارد

بگو توفیق آخر آں صنم میل از کہ فرماید
تو ارمانِ دگر داری دل ارمانے دگر دارد

دل برد ز من تازہ جوانے کہ نگویم　　بخشید مرا لذتِ جانے کہ نگویم

سر گردِ نگاہے بادا ایکہ ندانم　　زد تیر جگر دز زبانے کہ نگویم

دیر است خبر نیست کہ بیچارہ کجا رفت　　دل رفت پس آفتِ جانے کہ نگویم

وا کرد درِ لطف و کرم یار در آمد　　در خانۂ دل جان جہانے کہ نگویم

سیرت کسے گر یکسان کرد کوشش　　اَلْعَظَمَتُ لِلّٰہِ بتانے کہ نگویم

در خرمن گل شعلہ زد از برقِ تبسم　　گل برگ لبے غنچہ دہانے کہ نگویم

از ابرو و مژگان خود آن ترکِ ستمگر　　دارد بکمیں تیر و کمانے کہ نگویم

پرسیدم ازو چوں خبر دل کہ کجا رفت　　خندید و مرا داد نشانے کہ نگویم

توفیق بتابِ سرِ زلفِ تو نہاں شد

سودا زدۂ سوختہ جانے کہ نگویم

اٹھا کبھی جو ابر کی صورت مزار سے　برباد یاں برس پڑیں مرے غبار سے

اللہ رے شوق دید کی ہنگامہ کوشیاں　محشر طلب ہے طول شب انتظار سے

گردن پہ رکھکے پھیر دے طاقت ہے تیغ ناز　کیا ہوگا فتنہ گر قفا اک دو چھیے دار سے

نکلے ہجوم شوق میں ہم گھر سے اسطرح　باہر ہو جسطرح کوئی دل اختیار سے

وہ دلفگار موسم گل ہوں کہ چارہ ساز　زخم جگر کو دھوتے ہیں نمک آبدار سے

اللہ رے حجاب کہ بھولے سے وہ کبھی　آئے بھی گر خیال میں تو شرمسار سے

بس چل سکا نہ چارہ گردوں کا تو سی دیا　زخم جگر کو اشک مسلسل کے تار سے

سر پھوڑنا بھی ہم سے جنوں میں نہ ہو سکا　وابستہ ہیں صد آبلہ پا کو بہار سے

توفیق میر آئینۂ دل نہ ہو کہیں
کچھ گر پڑا تو ہے نگہ اعتبار سے

پھر ہجومِ ہوسِ عالمِ تنہائی ہے — پھر وہی سلسلۂ انجمن آرائی ہے

رحم کر اے ہوسِ لذتِ آزار نہ چھیڑ — دلِ بیمار نے مر مر کے شفا پائی ہے

نازِ ایمان پہ حسیں بُت کے مقابل تھا ہمیں — ہائے اس بت کا تو ایمان بھی شیدائی ہے

خود مری وضع سنا دیگی انھیں حال مرا — میرا خاموش ہی رہنا مری گویائی ہے

حیرتِ آئینہ ہے آئینہ دارِ حیرت — آج خلوت میں جو وہ محوِ خود آرائی ہے

قدمِ یار پہ لے چل کے گرا دے اے ضعف — جوش پر آج سرِ ناصیہ فرسائی ہے

داد لیں کس سے تری دید کی اے حسنِ نگار — خود تماشا ترے جلوے کا تماشائی ہے

باوجودِ سر و سامانِ فنا شکلِ حباب — وہ تماشہ ہوں کہ تو جس کا تماشائی ہے

دلِ پسندِ نگہِ نازِ بتاں ہے توفیق
عین بتخانے میں کعبے نے جگہ پائی ہے

تو ہے وہ مقطعِ آخر کہ جب تو پڑا تیرا ظہورِ مطلعِ ہستی بنا ہر نقشِ پا تیرا

خدا سے فیض لیا ہی تو دیتا ہے خدائی کو خدائی مقتدی تیری خدا ہے مقتدا تیرا

تو دورِ اولین و آخرین دونوں کا مرکز ہے ازل ہے ابتدا تیری ابد ہے انتہا تیرا

تری ہستی وجودِ اولیں ہے علمِ باری میں ازل میں خاتمِ دورِ نبوت نام تھا تیرا

کوئی ہو اور بھی جلیل جسے اذنِ شفاعت ہو مگر یہ خاصہ ہے یا محمد مصطفیٰ تیرا

جہاں ہے ابتدا تیری وہیں ہے انتہا تیری ملا ہے نقطۂ وحدت سے ایسا سلسلہ تیرا

ہوئے کونین جب پیدا ترا جلوہ نظر آیا ظہورِ آفرینش گویا آئینہ بنا تیرا

ملک آدم کے ساجد تو تھے مسجود آدم تھا یہ جب کی بات ہے گنجِ خفی میں نور تھا تیرا

وہ دن آئے کہ حاضر ہو کے تیرے آستانے پر
ندا گر ہو شہا توفیقِ آشفتہ تیرا

سرگرمیِ وحشت نے یاں تک مجھے پھونکا ہے  ہر نقشِ قدم میرا داغِ دلِ صحرا ہے

ناکامیِ خرمن ہوں بربادیٔ حاصل ہوں  برقِ تپشِ دل ہوں قسمت میں مٹنا ہے

اُلٹا کے نقاب اُس نے اُلٹا ہے زمانے کو  حیرت ہے تماشائی حیران تماشا ہے

شوریدہ سری میں بھی میں اپنا تماشا ہوں  ہر داغِ جنوں میرا اک چشمِ تماشا ہے

کس کس کا کریں ماتم کیا روئیں جگر کو ہم  ناوک کا ترے ظالم دل بھی تو نشانا ہے

اک پردہ نشیں نے کی وہ پردہ دری یاں تک  ہاتھوں کے تصور میں دل ہاتھ سے جاتا ہے

پانی میں فسونگر نے کیا آگ لگائی ہے  عکسِ رخِ ساقی سے آتشِ دل صہبا ہے

یاں تک مری وحشت نے دکھلایا کمال اپنا  وحشت کا تصور بھی آمادۂ صحرا ہے

وہ دیکھتے ہیں مجھ میں توفیقِ جمال اپنا
حیرت نے مری مجھکو آئینہ بنایا ہے

نہ پردہ ہو سکا خود مجھسے اپنے جسمِ عریاں کا ۔ نہ ہاتھ آیا جنوں میں بھی کبھی دامن بیاباں کا

گلے ملتے ہیں وہ مجھسے سمجھکر اپنا دیوانہ ۔ ہلالِ عید گویا چاک ہے میرے گریباں کا

میں اپنے اختصارِ مدعا سے خود پریشاں ہوں ۔ نہ چھیڑ افسانہ اسے طولِ خمِ زلفِ پریشاں کا

تقاضا ہے کمالِ جوشِ وحشت دیکھکر میرا ۔ بیاباں در بغل ہر ایک ذرہ ہے بیاباں کا

دکھایا جب اثر دل نے اپنا رنگِ بیتابی ۔ سرشکِ خوں نہ بنکر رنگ چمکا میرے ارماں کا

نکالا ہے جوشِ وحشت اتو باہر سے مجھکو ۔ کہاں تک ناز اٹھاؤں گھر میں اب میں بیاباں کا

مری تقدیر ہے آئینہ رنگِ پریشانی ۔ میں افسانہ ہوں اپنی حیرتِ خوابِ پریشاں کا

رہی ہے ناتوانی میں بھی احسانِ جنوں مجھپر ۔ مرا ٹوٹا ہوا دم تار ہے میرے گریباں کا

یہ کسکی جلوہ گاہِ ناز ہے توفیق گھر میرا

کہ ہر اک ذرہ آئینہ ہے میری چشمِ حیراں کا

بے قدر ہے جوش غم دنیا مرے دل میں — اک قطرۂ ناچیز ہے دریا مرے دل میں

نکلا مرے سینے سے جگر توڑ کے ظالم — تیر نگہ ناز جو ڈوبا مرے دل میں

احسان جگر کاوی پنہاں کی خلش تھی — مدت سے تھا جس بات کا کھٹکا مرے دل میں

آؤ تو کبھی آئینہ خانہ ہی سمجھکر — دیکھو تو کبھی اپنا تماشا مرے دل میں

کیوں غیر نہ خوش ہوں مری بربادی دل سے — ظالم ترے ارمان کا گھر تھا مرے دل میں

پھر جلوہ گہ ناز کسیکی ہے مرا دل — پھر محو تماشا ہے تماشا مرے دل میں

آنے لگی کعبے میں بھی یاد بت کافر — پڑنے لگی بنیاد کلیسا مرے دل میں

اک داغ تھا محرومی ارمان وفا کا — کیا آپ کو بتلاؤں کہ کیا تھا مرے دل میں

کہئیے جسے میرا ہی دل خون شدہ توفیق

وہ رنگ تمنا نے جمایا مرے دل میں

انفعالِ ہوسِ دل سے جگر پانی ہے یہ بھی یارب کوئی اندازِ پشیمانی ہے

وہ میرا درِ جلوہ ہے مشتاقِ تماشا انکا ہم ہیں اور سامنے آئینۂ حیرانی ہے

مژدہ اے سلسلۂ ذوقِ پریشاں گوئی آپ الجھا ہوا اندازِ پریشانی ہے

کیا ہوا اے نفسِ بازپسینِ بسمل یہ بھی ظالم کوئی اندازِ گراں جانی ہے

آج سنتے ہیں وہ رودادِ پریشانیٔ دل مدعا شانہ کشِ زلفِ پریشانی ہے

کیوں کیا حوصلۂ عرضِ تمنا کو ذلیل مجھسے نادم مرا اندازِ پشیمانی ہے

تا کجا ذوقِ نظربازیٔ عبرت کہ جہاں سر و سامانِ ہوس بے سر و سامانی ہے

مدد اے شوقِ تپیدن کہ تہِ خنجرِ ناز دلِ بسمل ہے اور آغوشِ گرانجانی ہے

حسن پھر پردہ درِ تابِ نظر ہے توفیق
چشمِ مشتاق سے پھر عہدۂ حیرانی ہے

کشتہ تماشہائے جنوں سے پھر جو دل گھبرا گیا پھر خیالِ زلفِ جاناں بیڑیاں پہنا گیا

چھین کر کس کی نگاہِ فتنہ پرور لے گئی کیا بتاؤں کیا ہوا مجھکو دل کیا گیا

ہائے کیا ہنگامہ آرا تھی جدائی کی گھڑی میں ادھر روتا رہا اور دل اُدھر روتا گیا

حسرتِ خونِ گشتہ کا افسانہ میں کیونکر سنوں ہے ہجوم یاس احباب کر کے جی گھبرا گیا

وائے رسوائی کہ بعدِ مرگ بھی لاشہ مرا میرے ہی دامانِ رسوائی میں کفنایا گیا

کشمکش ہائے ستم کو تیرے فرصت مل گئی مٹ گیا جھگڑا کہ غم کو میں مجھے غم کھا گیا

کر لی کچھ ہمنے بھی مشقِ بیقراری ہائے شوق دل کے صدقے میں ہمیں بھی کچھ تڑپنا آ گیا

آج ہی قسمت سے قاتل بھی تماشا خواہ ہے آج ہی اے دل تڑپ لے جسقدر تڑپا گیا

رونے والا کون تھا توفیق میری قبر پر

ابر آ کر چار قطرے اشک کے برسا گیا

بعد مردن بھی جو تھا داغِ جنوں تقدیر میں    دفن ہونے کو ملی جا خانۂ زنجیر میں

بے زباں ہوں بھی تو گویا آتشِ جاں سوز ہے    نالہ کر رنگِ خموشی ہے مری تصویر میں

کیوں ہے ہر زخمِ جگر میں لذتِ کم کشتگی    او ستمگر کیا یہ غمزہ ہے ترے تیر میں

ہوں وہ بلبل حسرتِ پرواز ہے جس کو مگر    اڑ گیا اڑ کر تارِ رنگ بھی مری تصویر میں

بسکہ کارگاہِ عشق میں ہے کفر و ایماں ہم نفس    شورِ ناقوس تاں ہے نالۂ تکبیر میں

جی میں ہے اڑ جاؤں رنگِ رو سے حسرت کہہ کر    کھینچ دے پرواز بھی مانی مری تصویر میں

کھل نہیں سکتا کسی پر بھی اندازِ جنوں    شورِ خاموشی کا ہے پنہاں نالۂ زنجیر میں

تیرہ کام عالمِ حیرت نہیں کہتے فروغ    شمع کی حاجت نہیں ہے خانۂ تصویر میں

چل نہیں سکتی زباں توفیق ہے نہ زلف میں

پیچ پڑ جاتے ہیں اکثر رشتۂ تقریر میں

سوزِ دل اے دلِ بیتاب کہاں سے لاؤں   آگ ہم صحبتِ سیماب کہاں سے لاؤں

پھر وہی راتیں وہی گیسوئے جاناں کا خیال   پھر وہی سلسلۂ خواب کہاں سے لاؤں

تجکو ٹھیرائے جو بیتابیٔ دل سے دم بھر   وہ سکوں اے دلِ بیتاب کہاں سے لاؤں

خواب میں آئیں وہ بیدار ہو قسمت میری   ہمنشیں ایسا کوئی خواب کہاں سے لاؤں

ساقی و مطرب و مے سب جو بہم ہو بھی گئے   طرفِ باغ و لبِ آب کہاں سے لاؤں

شب جو وہ مہر جمال آئے تو بستر کیلیے   ہمنشیں چادرِ مہتاب کہاں سے لاؤں

درِ جاناں کا کروں بیٹھ کے کسطرح طواف   پاؤں میں گردشِ گرداب کہاں سے لاؤں

کم نہو جامِ فنا سے کوئی قطرہ جسکا   ہائے وہ جامِ مئے ناب کہاں سے لاؤں

بات بن جائے مری اور وہ سن لیں توفیق
ہائے اسطرح کے اسباب کہاں سے لاؤں

ملے جو حسرتِ دل خاک میں تو غم کیا ہے　جو ہٹ ہی نہو اوس کا غم عدم کیا ہے

تمہارے دل میں تو ہے جا مری بشکلِ غبار　ملا چکے ہو مجھے خاک میں تو غم کیا ہے

انہیں بتوں کا ہے کوئی فریبِ جلوہ نما　وگرنہ دیر پسِ پردۂ حرم کیا ہے

جب آنکھ پھیر لی تم نے تو رنگِ ہستی　تلونِ نظری کے سوا عدم کیا ہے

نہیں جو جنبشِ نگاہِ ستم شعار تو پھر　تمہیں بتاؤ کہ سرمایۂ ستم کیا ہے

ترے ستم کا ہے اک جلوۂ تبسمِ ناز　وگرنہ شوخیِ شمشیرِ برق دم کیا ہے

نہ پوچھ مجھ سے ستم ہائے سخت جانیِ شوق　تو دیکھ پہلے کہ خنجر میں تیرے دم کیا ہے

ہے ایک جلوہ ترا اعتبارِ بزمِ وجود　ہے اک حجاب ترا پردۂ عدم کیا ہے

کسی کے سلسلۂ زلف کی طرح توفیق

درازیِ شبِ غم کم بھی ہو تو کم کیا ہے

ازل سے میں نمک پروردہ ہوں حسنِ ملاحت کا بھرا کرتا ہے دم ہر زخمِ دل شورِ محبت کا

نہ پوچھو سجدہ مردن بھی کمالِ شرم سے ہوائی کفن دیتی ہے قسمت مجھکو دامانِ ندامت کا

جب آئے ملنے واے کو وہ لیے اظہار شکوہ کا قدم پر گر پڑا سایہ مری بالینِ تربت کا

نزاکت مائلِ رنگِ قلم ہونے نہیں دیتی تصور میں کھنچا کرتا ہے نقشہ انکی صورت کا

گریبانِ تمنا اسقدر کیوں چاک ہے یارب نہیں اسمیں کوئی ٹکڑا تو دامانِ قیامت کا

ہر اک فریاد میری نغمہ سازِ تمنا ہے ہر اک نالہ اک پردہ ہے قانونِ محبت کا

نہیں شرمِ معاصی سے مری آتی ہی میت پر نفس لیکر ہوا ہی طائرِ رنگِ ندامت کا

تغیر ہے اگر لازم ہر اک شے کو سوا تیرے بدلتا کیوں نہیں یارب نوشتہ میری قسمت کا

عروجِ خاکساری ہے وہی توفیق مر کر بھی
غبارِ بیکسی ہے شامیانہ میری تربت کا

ہوں میں حیرت کدۂ شوق بھی رسوائی بھی ۔ مری تصویر خموشی بھی ہے گویائی بھی

مر چکے اے قدم یار چلا لے ہمکو ۔ اب دکھا دے کوئی انداز مسیحائی بھی

دل بھی شے آپ نے منظور تو کر لی لیکن ۔ یہ تو فرمائیے پہلے کہ پسند آئی بھی

خوش ہیں مرنے سے مرے آپ تو پھر کیا ہوگا ۔ فرض کیجئے نہ مرا میں جو اجل آئی بھی

سر سے ٹالے نہیں ٹلتی کسی صورت پہروں ۔ کیا بلا ہوتی ہے ظالم شب تنہائی بھی

کچھ عجب طرز تجاہل ہے کہ سیکھا ہم سے ۔ اتنا سا بھی نہیں رکھتے ہیں شناسائی بھی

مدد اے جذب کہ پردے سے نکلنے کیلئے ۔ وہ بھی بیتاب ہیں اور انکی خود آرائی بھی

ترک کثرت ہے تماشا مری حیرانی کا ۔ آئینہ خانہ ہے گویا مری تنہائی بھی

کیا تماشا ہے کہ وہ ایک ادا سے توفیق

قتل بھی کرتے ہیں کرتے ہیں مسیحائی بھی

کام آئی مری وحشت تنِ عریاں کیلئے ‏ ‏ بنگیا دامنِ کہسار گریباں کے لئے

وہ بھی ہر بار الجھتے ہیں الجھتے ہیں جو بال ‏ ‏ خود پریشاں ہیں گیسوئے پریشاں کیلئے

دلِ صد چاک یہ کہتا ہے کہ میں حاضر ہوں ‏ ‏ شانہ گر چاہیے زلفِ شبِ ہجراں کیلئے

اب کے ہم جوشِ نقاہت سے کچھ ایسے بیٹھے ‏ ‏ ہاتھ بھی اُٹھ نہ سکے ماتمِ ارمان کیلئے

ایک دو گز کا کفن بعدِ فنا بس اے چرخ ‏ ‏ اور کیا چاہیے شرمندۂ احساں کیلئے

کیوں ہے سرگرمیِ غمخواریِ احباب اتنی ‏ ‏ کسکو فرصت کہ ہے چارۂ درماں کیلئے

دل بھی نقشِ قدمِ یار کی صورت اپنا ‏ ‏ خاک پر لوٹ گیا گوشۂ داماں کیلئے

دامنِ اشک سے منہ ڈھانک لیا کرتے ہیں ‏ ‏ ڈھونڈھ لیتے ہیں بہانہ غمِ پنہاں کیلئے

داغ دل ساتھ رہے بعدِ فنا بھی توفیق

چاہیے شمع کوئی گورِ غریباں کیلئے

دل بیتاب ہوں بیتابئ دل کا تماشا ہوں تڑپ جاتی ہے بجلی بھی مری جب تڑپتا ہوں

کہاں ہے حسرت ناکام اسے جمع کرنیکو میں آج اپنے دل بیتاب کے ٹکڑے اڑاتا ہوں

مزا نظارہ کا باہم میں ہے اے جلوۂ جاناں کہ تو میرا تماشا ہو تو میں تیرا تماشا ہوں

سمجھ میں کچھ نہیں آتا الٰہی کیا معمّا ہے کہ ہستی مجھ سے پیدا ہے کہ میں ہستی سے پیدا ہوں

نشان ہر دو سیاہی چھوڑ دیتا ہوں پئے عبرت کبھی اپنی جگہ سے صورت خاتم جو اٹھتا ہوں

قضا پھر کھینچ کر لیجا رہی ہے کوئے قاتل کو میں اپنے دم کی صورت آج پھر گھر سے نکلتا ہوں

یہ کیسا مجھ پہ احساں ہے مری افتادہ حالی کا برنگ سایہ اپنے پاؤں پر میں آپ گرتا ہوں

نئی صورت سے ہر دل میں ہے اک نشو و نما میرا کہیں داغ تمنا ہوں کہیں داغ سویدا ہوں

ہزاروں حسرتیں ملکر بنا توفیق دل میرا

سمجھنے کو اک عالم ہوں نظر آنیکو تنہا ہوں

اشک تھمے ہیں رواں نالہ ادا ہو کہ نہ ہو — قافلہ راہیِ منزل ہے درا ہو کہ نہ ہو

تپشِ قلب کو تحریکِ نفس سے کیا کام — شعلہ زن رہتی ہے یہ آگ ہوا ہو کہ نہ ہو

ہم پھڑک جاتے ہیں خود شوق سے بسمل کی طرح — ناوکِ نازِ جگر دوز خطا ہو کہ نہ ہو

دل میں صد آرزوئے عرضِ ہوس ہے لیکن — دیکھیے حرف بھی اک منہ سے ادا ہو کہ نہ ہو

یہ بھی کیا بزمِ تماشا ہے کسی کی یارب — دل میں ارمان چلے آتے ہیں جا ہو کہ نہ ہو

منحصر ہو جو تڑپنے پہ سکونِ بسمل — شوقِ بیتابیِ دل اور سوا ہو کہ نہ ہو

چونک اُٹھیں یا نہ اُٹھیں خوابِ عدم سے مردے — یوں چلو تم تو کہ حشر بپا ہو کہ نہ ہو

ضبط حائل ہے دمِ عرضِ شکایت شفیق

کچھ نکل جائے زباں سے تو گلا ہو کہ نہ ہو

چپ جو رہتی ہوں کلیجہ کھنچکے منہ کو آئے ہے    کچھ جو کہتی ہوں تو یہ ڈر ہے کہ وہ سن پائے ہے
یاد جب آئے ہے اسکی جان پر بن جائے ہے

کیا لگے جی ہائے عشق و عیش و عشرت کیا سہائے    دل جلا فرقت میں ایسا کچھ نہ پوچھو ہائے ہے
نالہ جو نکلے ہے دل سے وہ دھواں بن جائے ہے

پڑ گیا جوش جنون وحشت گلے کا ہار ہے    اب کہاں چلنا قدم تک بھی اٹھانا بار ہے
الفت گیسوئے جاناں بیڑیاں پہنائے ہے

اے پپیہا بس خدا کیواسطے چپ ہو ذرا    رات آدھی آگئی ظالم تجھے کیا ہو گیا
تیرے پی پی کہنے سے وہ بیوفا یاد آئے ہے

جا ری کوئل باوری مت کوک اتنا زور سے    ٹیس اٹھتی ہے جگر میں ہائے تیرے شور سے
تو جدا آڑ جائے ہے اور دل جدا اڑ جائے ہے

ہائے کیا کمبخت کے آئی دل ناکام میں    پھر چلا پھنسنے کو دل بیٹھے بٹھائے دام میں
آج پھر زلف ستمگر دوش پر لہرائے ہے

لگ گئی ہے اک جھڑی سی غم کا بادل چھا گیا    کوئی بتلا دے یہ ساون ماس کیسا آگیا
چشم تر فرقت میں کسکی اشک غم برسائے ہے

کیوں یہ آہ سرد ہے کسواسطے رخ زرد ہے    اشک کیوں آنکھوں میں ہیں دل کیوں سراپا درد ہے
آج اسے توفیق کیوں اسطرح جی گھبرائے ہے

## ولہ

بربادیوں کو میری ٹھکانے لگا دیا۔ منظور خاک میں تھا ملانا ملا دیا
لکھکر زمیں پہ نام کو میرے مٹا دیا

بیصرفگی تھی ہائے ہوس کو شیوہنی بھی۔ کیا یاد کیجیے کہ فراموشیوں میں بھی
اتنا تو یاد ہے کہ کسی نے بھلا دیا

لایق عدم کے بھی مجھے رکھا نہ یار نے آغوش میں ابھی نہ لیا تھا مزار نے
بیدردی سے نشاں بھی اُسکا مٹا دیا

نکلا نہ کام کچھہ گلہ ہائے دراز سے کیا کہیے کیسے نکلے شب الحذر ناز سے
سنگل حجاب ناز کسی نے اُٹھا دیا

باقی کوئی رہے نہ رہے اسکو کیا غرض موسیٰ جلیں کہ طور جلے اُسکو کیا غرض
منظور تھا جمال دکھانا دکھا دیا

کیا فایدہ اُٹھایا سحر تک گرا کے اشک بیصرفہ آنکھوں نے شب وعدہ بھگا کے اشک
دامان انتظار میں دھبہ لگا دیا

اُبھرے نہ تھے کہ دیدۂ تر نے ڈبو دیا جلنے نہ پائے تھے کہ تمنّا نے کھو دیا
شعلہ اُٹھا نہ تھا کہ ہوا نے بجھا دیا

توفیق اب وہ گرمیِ تاب نظر کہاں اب وہ تپاک شعلۂ داغ جگر کہاں
ظالم کی سرد مہریوں نے دل بجھا دیا

## رباعیات

قرآن سے ثابت ہے شریعت تیری ادراک سے باہر ہے حقیقت تیری
کامل ہوی تو سبق برات کونین جب ثبت ہوئی مہر نبوت تیری

ولہٗ

توحق میں ہے جلوہ گر تری ذات حق تقیید میں ہے شان جمالِ مطلق
ہے مرکزِ تعلیم کمالی تری ذات لیتے ہیں نبی تجھسے نبوت کا سبق

ولہٗ

تیری ہی تجلی تو سمٰوات میں ہے تیرا ہی تو آفتاب ذرات میں ہے
آئینۂ انبیاء و مرسل ہے تو دیدارِ خدا ان کو تری ذات میں ہے

ولہٗ

پردے میں بھی تھی جلوہ نمائی تیری دیکھی شہ دین کہاں سمائی تیری
آئینۂ نورِ ازلی میں حق نے دیکھا تو حقیقت نظر آئی تیری

ولہٗ

کامل ہوئی تجھسے کائناتِ عالم۔ حاصل ہوئیں تجھسے برکاتِ عالم
تیرے ہی ظہور کی صفت ہے ورنہ بالذات کوئی چیز ہے ذاتِ عالم

ولہ

اجمالِ دو عالم کو مفصّل پایا ترتیبِ نبوّت کو مکمّل پایا
نقّاشِ ازل نے لکھہ کے جب غور کیا نقشِ آخر کو تیرے اوّل پایا

ولہٗ

ہر رنگ میں نور اپنا جمایا ترا نور واللہ کہاں کہاں سمایا ترا نور
جب مائلِ اظہار ہوا اخفا سے تنزیہہ سے تشبیہہ میں آیا ترا نور

ولہٗ

شاہد ہے آپ خوش بیانی تیری ناطق ہے خود گہر فشانی تیری
قرآن جسے تو نے سنایا ہمکو ارشاد خدا کا ہے زبانی تیری

ولہٗ

تھا جب کہ لعبت آما خلوت تیرا اک راز تھا عالم شہادت تیرا
تھا مرکزِ علم انبیائے مرسل اسوقت بھی یہ دورِ نبوّت تیرا

ولہٗ

جب لوحِ سعادت تھا نگینِ عالم جب عالمِ رسم تھا یقینِ عالم
خلوت میں بھی تو محو خود آرائی تھا جلوہ تھا ترا آئینہ بینِ عالم

ولہ

جس بات کا مقتضی ہو منشا تیرا ٭ جس امر کا طالب ہو تقاضا تیرا
ہے لوح و قلم پہ فرض تعمیل اسکی ٭ اللہ کا حکم ہے ارادا تیرا

ولہ

تیرا ہی ظہور ہے حیاتِ عالم تیرا ہی حجاب ہے مماتِ عالم
واجب ہے ترا نور مجرّد مولا ممکن ہوئی تجھ سے کائناتِ عالم

ولہ

کیا ذہن نشین ہو سراپا تیرا سرتا بقدم نور ہے پتلا تیرا
خود کھنچ گیا بے ارادہ لے زنگ قلم جب کھینچ نہ سکا قلم سے نقشا تیرا

ولہ

خیر رہ انبیائے مرسل ہے تو کامل ہیں اگر وہ سب تو اکمل تو ہے
اجمالاً آئینۂ تفصیلی ہے۔ جس آئینہ میں پرتو اوّل ہے تو

ولہ

ہے تا بہ ابد ازل سے شاہی تیری۔ کونین کی ہے جہاں پناہی تیری
تو وہ ہے۔ زبانِ حق سے دی کئی بار۔ قرآن مجید سے گواہی تیری

## خمسہ

تجھی سے سلسلہ ملتا ہے فیضانِ مجدّد کا    تجھی پر منتہی ہوتا ہے نقطہ دور

ہوا ظاہر جو پردہ اٹھ گیا قیدِ مقید کا    محمد مصطفےٰ اپنا ہے تو نورِ مجرّ

بنا خورشید اقلیمِ عدم سایہ ترے قد کا

نہ ہوتا وہ اگر موجود تو معدوم تھے سارے    کیا حق نے اوسی کو خلق پہلے

وہی ہے اک طرازِ اولیں نقشہ ہر ہستی کے    شروع دفترِ امکاں میں بسم اللہ

قلم نے نام لکھا لوح پر پہلے محمد کا

ہوا جس وقت فرطِ شوق میں وہ آپ سے باہر    لگائے سدرہ تک گرد سواری

کبھی ہاتوں کو جوڑا اور کبھی کچھ عرض کی بڑھکر    رکابوں سے ملیں آنکھیں جھکایا سر

ملا جبرئیل کو رستے میں کیا موقع خوشامد کا

ہوا منظور جب اس کو بنانا تیری صورت کا    تو کیں اس نے ہزاروں سال ان تک

ہوا ہے دیدہ میں پہلا مرقع دھو دیا سارا    مٹا ڈالے جو نا کر صورتیں آدم

تب آیا راست نقشہ کلکِ قدرت سے ترے قد کا

ہٹا پردہ نہ آگے سے نہ چادر وشِ سر کی    وہی تھی برہمی گیسوئے مشکین و عنبر کی
وہی جنبش جو تھی تا دا یسی تھی حلقۂ در کی    گئے حضرت پیمبر حضرت بستر کی گرمی نہ بستر کی
قدم تھا ایک ہی گویا بر آمد کا در آمد کا

ہوئی جس وقت منظور نظر بے پردگی اپنی    تو نکلا جلوۂ حسن ازل سے بن کے شیدائی
نکالی آپ اپنی دید بازی کی سبیل اچھی    خدا نے زیب و زینت کی جو بزم آفرینش کی
لگایا اوس میں قدِ آدم آئینہ ترے قد کا

یہ بھی مرضی کہ تجھ پہ ختم آغازِ رسالت ہو    یہ بھی خواہش کہ تجھ پہ منحصر اتمام حجت ہو
یہ تھا منشا کہ حاصل تجکو فخرِ جامعیت ہو    یہ تھا منظور رفتہ رفتہ تکمیل نبوت ہو
خدا نے منتظر رکھا جو تیری آمد آمد کا

عجب پایا ہے اُس نے بھی صفاتِ خارج و داخل    ہوئی ہے کسکو ایسی شانِ امکان قدم حاصل
سوئے وحدت بھی راغب طلب کثرت بھی مائل    اُدہر اللہ کا واصل اِدہر مخلوق کا شامل
خوا اصرا اُس برزخ کبری میں ہے حرفِ مشدد کا

نگاہِ تیز رو پہونچی نہ بڑھکر تا سر دامان    ہزاروں سال کی تاخیر تھی اک جنبش مژگان
قدم موسی کا ولیکن نقش پا کے رہ گیا ارماں    قدم سے کیا ہے تیز ائی سوا تھا جانبِ امکان
نہ پہنچا سایۂ آخر رہگیا سایہ وہیں قد کا

کرے ہے پیچ شانہ ... کے سر پہ لگی ۔ دعا ... رہا تو نقش دو مہر پریشاں کی

ہا ہے ایک نقطے سے خط ازہی و اتفاقی ۔ برادر دونوں جیسے توأم ہیں دنیا و دیں کی

ادھر بھی ہے ادھر بھی سلسلہ پابستہ ہم دو کا ۔

**ولہ**

کہیں کیا کہ دل ... بعد بھی یہ ترکیب تھی اور یہ قلق ۔ ہوئے ٹکڑے ... دور ... قلق

وہ ... کہ ... ہو آئے ۔ وہ جو ... تھا وہی بعد گہ با قلق

یہہ قلق ہے کیسا آہ ہے ستم کہ جان پہ بن گیا قلق

کبھی اضطراب ... تو زیادہ ... بلکہ ... ۔ یہ سب حال یونہی جو ہم ... ہوگا

... تو نکلا جاگنا ... کر رہا ہے کیسا جی ۔ یہ ہم ہے ... کئی غرض تو جان پہ آ بنی

یہہ عذاب مرگ ہے یا یہ ... خدا کا قہر ہے یا قلق

جو تڑپ اٹھا کبھی دل ذرا تو ہوا تنگ کیا کیا جی ۔ کبھی آ گیا سکوں بس ہی ... گا

کبھو لگ گیا ... فراق میں ... زندگی ۔ یہ ... لگی مری ... ہو

کوئی کیا جئے ... قلق